04/05/2026

7.40 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبرنامہ لےکر میںتجمل احمد

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*.......لیفٹنٹ گورنر نے کی ترقیاتی ضروریات اور ماحولیاتی دیر پائیت میں توازن پید ا کرنے کی ضرورت اجا گر // جمو ں کشمیر کے منفرد حیاتیاتی تنوع کو تحفظ فراہم کرنے پر زور۔

*... سول سیکریٹریٹ سرینگر میں ششماہی دربار مو کے سلسلے مینکھلا دفاتر کا دربار // وزیر اعلیٰ کو روایتی گارڈ آف آنر پیش۔

*.......بھارتیہ حج کمیٹی کے ذریعے سفرمحمود پر جانے والے عازمین پر سو ڈالرجبکہ پرائیوٹ عازمین پر 150ڈالر کا اضافہ۔

اور

مغربی بنگال میں سرکار بنانے کے قریب// آسام میں بھی اقتدار بر قرار۔ BJP........*

ایل جی وائلڈ لائف

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ترقیاتی ضروریات اور ماحولیاتی دیر پائیت میں ایک توازن پیدا کرنے کی ضرورت اجا گر کرتے ہوئے جموں کشمیر کے منفرد حیاتیاتی تنوع کو مضبوط اور محفوظ کرنے پر زور دیا ہے ۔

وہ آج لوک بھون سرینگر مینجموں کشمیر وائلڈ لائف بورڈ کی ساتویں میٹنگ کی صدارت کر رہے تھے، جس دوران جنگلات کے تحفظ اور ترقی سے متعلق کئی امور پرتفصیلی تبادلہ خیال کیاگیا۔

میٹنگ میں جنگلات و ماحولیات اور قبائیلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا ، ارکان قانون ساز ڈاکٹر دیویندر کمار منیال اور میاں مہر علی ، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو ، ایل جی کے پرنسپل

سیکریٹری ڈاکٹر مندیپ کے بھنڈاری ، جنگلات کی کمشنر شیتل نندا، جنگلات کے پرنسپل چیف کنزر ویٹر اور فارسٹ فورس کے سربراہ  سرویش رائے اور دیگر متعلقہ عہدیداران موجود تھے۔

دربار مو

جموں کشمیر کی پرانی انتظامی روایتی دربار مُو کے تحت آج سرینگر کے سِول سیکٹریٹ میں مُو سے جُڑے دفاتر چھ ماہ کے وقفے کے بعد دوبارہ کھل گئے۔ دارالحکومت سرینگر میں آج دربار مُو کے سلسلے میں وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ کو روایتی گارڑ آف آنر پیش کیا گیا۔

یہ بات قابل ذکر ہے کی اگرچہ ٹیکنالوجی اور جدید سہولیات نے فاصلوں کو کم کر دیا ہے تاہم سالانہ دبار مُو اب بھی ایک اہم علامتی اور عملی حیثیت  رکھتا ہے۔

سرینگر میں دفاتر کا دربار کھلنے کے موقعے پر متعلقہ محکموں کے سینئر افسران ، ملازمین اور پولیس کی اعلیٰ آفیسر بھی موجود تھے۔

دربار CM

سِول سیکٹریٹ سرینگرمیں مُو سے جُڑے دفاتر کے دوبارہ کھل جانے پر وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے انتظامی سیکریٹروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کی، جس میں نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری ، کابینہ وزیر جاوید احمد ڈار، سکینہ یتو، ستیش شرمااور جاوید احمد رانا بھی موجود تھے۔

وزیر اعلیٰ نے ترقیاتی کاموں کی بروقت اور موثر عمل آوری یقینی بنانے کی ضرورت اُجاگر کرتے ہوئے محکموں کے ما بین قریبی تال میل پر بھی زور دیا۔ انہوں نے خاص طور پر Estatesمحکمہ کو مُوسے جُڑے ملازمین کیلئے مناسب رہائشی سہولیات فراہم کرنے کی تاکید کی تاکہ دفاتر کا کام صحیح سے چل پائے۔

میٹنگ میں چیف سیکریٹری اٹل ڈلو اور سبھی متعلقہ محکموں کے سربراہان بھی موجود تھے۔

معائینہCM

اس دوران وزیر اعلیٰ نے آج دربار مُو کے پہلے روز سِول سیکٹریٹ کے مختلف شعبوں اور اکائیوں کا معائنہ کر کے ان کے کام کاج اور وہاں کام کرنے والے ملازمین کیلئے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔

انہوں نے خاص طور پر وزراءکے چیمبروں ، آفیسر رومز ، کلرکل ہالوں اور نو تجدید شُدہ عوامی انتظار گاہوں کا معائینہ کرتے ہوئے عملے اورعوام کےلئے سہولیات میں مزید بہتری لانے کی یقین دہانی کرائی۔

راتھر

اس دوران جموں کشمیر اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر کا بھی اسمبلی کے سیکریٹڑریٹ میں متعلقہ عملے کی جانب سے والہانہ استقبال کیا گیا۔

سیکریٹڑریٹ پہنچنے پر اسپیکر نے اسمبلی سیکریٹڑیٹ کے ملازموں اور افسروں سے بالمشافہ بات چیت بھی کی ۔ انہوں نے اسمبلی سیکریٹڑیٹ کا کام کاج احسن طریقے پر چلانے کیلئے ٹیم ورک اور نظم و ضبط کا جذبہ بنائے رکھنے پر زور دیا ۔

ملاقات

متعدد ارکان قانون سازیہ نے سرینگرمیں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کےساتھ ملاقات کی اور انہیں کئی ترقیاتی معاملات کے بارے میں جانکاری دی۔ ان ارکان نے کئی برسوں کے بعد دربار مو کی بحالی پراطمینان کا بھی اظہا رکیا۔

اسی دوران بینک آف بروڈہ کے ایک وفد نے بھی وزیر اعلیٰ سے ملاقات کرکے جموں کشمیر میناس مالی ادارے کی توسیع کے سلسلے میں مختلف معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعلیٰ نے زرعی ، دستکاری ، ہینڈ لوم اور سیاحتی سیکٹروں کی طرف توجہ دینے کی تاکید کرتے ہوئے بینک کے وفد کوسرکار کی طرف سے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے تعمیر و ترقی کے کاموں کا معیار بر قرار رکھتے ہوئے ان کی بر وقت تکمیل یقینی بنانے پر زور دیاہے۔وہ آج ضلع شوپیان کے دورے پر تھے جہاں انہوں نے چترا گام ،زینہ پورہ اور ملحقہ جات میں جاری ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔

نائب وزیر اعلیٰ نے شوپیان کی معیاری اور تیز تر ترقی پر زور دیتے ہوئے سرکار کی طرف سے بر پور تعاون کا یقین دلایا ۔ انہوں نے خاص طور پر سُگن-چترا گام- زینہ پورہ سڑک پر زیر تعمیر 45میٹر Span Bridge کا بھی معائینہ کیا۔

ایل جی یونیورسٹی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے طلباءاتھلیٹس پر زور دیا ہے کہ وہ نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے سفیر بن کر جموں کشمیر کو اس لعنت سے پاک کرنے میں اپنا کلیدی رول ادا کریں ۔ یونیورسٹی آف کشمیر میں آ ل انڈیا انٹر یونیورسٹی ووشو چمپئن شپ کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انتظامیہ تمام اعلیٰ تعلیمی اداروں میں ایک فعال سپورٹس کلچر قائم کرنے اور ہر ایک طالب علم کو مساوی مواقعے فراہم کرنے کی وعدہ بند ہے ۔

انہوں نے کہاکہ یہ ووشو چمپئن شپ ایک بھارت شریشٹھ بھارت کے جذبے کے ساتھ ساتھ یکجہتی ، نظم و ضبط اور نوجوانوں کی توقعات کی عکاسی کرتا ہے ۔

....University....LG........

اس موقعے پر کشمیر یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان ، کمشنر سیکریٹری یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس کے کمشنر سیکریٹری شاہد اقبال چودھری اور کئی دیگر افسران بھی موجود تھے۔

نشہ

ادھرنشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت عوام میں بیداری پیدا کرنے کے پروگرام اور سمگلروں کے خلاف پولیس کی کاروائیاں لگاتار جاری ہیں۔

مئی کو سرینگر میں منعقدہ ایک بڑی پد یاترا کی قیادت کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر منہوج سنہا 3 نے مُنشیات کا غیر قانونی کاروبار اور اس کا استعمال کرنے والے افراد کو کڑی کاروائی کا انتباہ دیا اس سلسلے میں لیفٹنٹ گورنر کا پیغام

----- - LG Drugs-- ----

نوجوانوں کو اس بری عادت سے دور رکھنے کیلئے درکار اقدامات کے بارے میں انسٹی چیوٹ آف میوزک اینڈ فائن آرٹس یونیورسٹی آف کشمیر کے فیکلٹی ممبر نوشاد غیور نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

--- Noushad Gayoor---

پولیس

پولیس

اننت ناگ پولیس کی طرف سے نشہ مخالف کاروائیوں میں تیزی لائی گئی ہے جہاں تحقیقاتی افسروں کیلئے ایک خصوصی پانچ روزہ تربیتی پروگرام کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اس پروگرام کے کے مختلف پہلوؤں سے روشناس کرایا جا رہا ہے۔اس دوران اننت ناگ NDPS دوران افسروں کو پولیس نے ضلع کے اچھ بل علاقے میں ضوابط کی پاسداری نہ کرنے والے تین میڈکل شاپوں کو سربمہر کر دیا ہے ۔

اسی طرح کی کارروائیوں پولیس ڈسٹرکٹ سوپور میں بھی عمل میں لائی گئی ہے جہاںلائنسز کے بغیر چلائی جانے والی ایک دو ا دکان سیل کر دی گئی ہے ۔جموں کشمیر پولیس نے سوپور اور بارہمولہ میں الگ الگ کارروائیوں کے دوران چار سمگلروں کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے منشیات کی کچھ مقدار بر آمد کی ہے ۔

شوپیان اور کولگام پولیس کی جانب سے ان اضلاع کے مختلف علاقونمیں کاشت کی گئی خشخاش کی فصل کو تباہ کیا گیا۔ یہ کارروائی بھی پولیس کی طرف سے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے سلسلے مینجاری اقدامات کے تحت عمل میں لائی گئی۔

اس دوران اونتی پورہ او ر شوپیان پولیس کی جانب سے بعض دیہی علاقوں میں منشیات کے مضر اثرات کے بارے میں جانکاری پروگرامونکا انعقاد کیا گیا۔

ادھر سرینگر پولیس نے پمپوش کالونی پالپورہ نور باغ میں محمد عرفان شیخ نامی ایک سمگلر کے تعمیری ڈھانچے کو منہدم کیا ہے۔

ڈاکٹر ونود کمار نے آج پولیس ڈسٹرکٹ سوپور کا دورہ DIGاسی دوران شمالی کشمیر رینج کے کرکے وہاں سلامتی منظر نامے کا تفصیلی جائزہ لیا۔دریں اثنا ہندواڑہ پولیس نے راجپورہ زچلڈارہ کے رہنے والے علی محمد میر نامی سمگلر کے دو منزلہ رہائشی مکان کو اٹیچ کیا ہے۔ پولیس نے کہا ہے کہ اس اثاثے کی قیمت تیس لاکھ روپے ہے ۔

PDP

بٹہ مالونور محمد شیخ نے آج نشہ مکت جموں کشمیر MLA پی ڈی پی کے سینئر لیڈراورسابق ابھیان کے تحت شیخ حمزہ سیکنڈری سکول مجہ گُنڈ کی طرف سے نکالی گئی ایک ریلی میں شرکت کی ۔

اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ پی ڈی پی جموں کشمیر میں مُنشیات کے خلاف کمر بستہ ہے۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

-----Gong----

کرن رجیجو

اقلیتی امور کے وزیر کِرن رجیجو نے کہا ہے کہ اُن کی وزارت ہر بھارتی مسلمان کیلئے حج کے سفر کو قابل رسائی اور کفایتی بنانے کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا وسطی ایشیا بحران کے درمیان ایندھن کی قیمتوں میں اضافہ کے سبب ائرلائنز نے 400 ڈالر کا مطالبہ کیا البتہ وزارت کی کاوشوں کی بدولت اب حج کمیٹی آف انڈیا کے ذریعے جانے والوں کو 100 ڈالر جبکہ پرائیویٹ عازمین کیلئے 150 ڈالر کا اضافہ مقرر کیا گیا۔

...........Kiren Rijiju...........

نتائج

نے آسام میں چناؤ جیت لیا ہے۔وہ وہاں تیسری مرتبہ اقتدار کوبر قرار رکھنے میں کامیاب BJP ساتھ ہی مغربی بنگال میں بھی جیت کے قریب ہے ۔BJPرہی۔

واضح رہے کہ آج ان دو ریاستوں کے علاوہ کیرالم ، تمل ناڈو،ا ور مرکز کے زیر انتظام علاقے پڈو چیری میں بھی ووٹ شمار ی کا عمل جاری ہے۔

اور مرکز کے زیر Tamilaga Vettri Kazhagmکیرالم میں انڈین نیشنل کانگریس// تامل ناڈو میں کو سبقت  مل رہی ہے ۔AINRC انتظام علاقے پڈوچیری میں

اندرابی

کی سینئرلیڈر اور جمونکشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے آسام BJP ادھر میں پارٹی کی لگاتار تیسری مرتبہ جیت اور مغربی بنگال میں جیت کے قریب پہنچنے پر خوشی اور اطمینان کا اظہا رکرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی جماعت نے عوامی بہبود یقینی بنانے کیلئے ہر موڈ پر زبردست محنت کی ہے۔

کولگام سے ہمار ے نمائندے خورشید پڑرونے خبر د ی ہے کہ ڈاکٹر اندرابی نے وہاں پارٹی ورکروں کے ایک جلسے سے خطاب کیا ۔

اس موقعے پر آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے موصوفہ نے کہا ۔

...........Andrabi...........

شرما

کھیل کود اور امور نوجوان کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ حکومت وادی کھیلونکی جھیلوں میں آبی کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ دیگر کھیلوں کو بھی فروغ دینے کیلئے اقدامات کر رہی ہے ۔

سرینگر میں آج میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے انہوننے کہا۔

........Satish Sharma........

چیف سیکریٹری

ہیلتھ کلنک کی کار گذاری کاایک میٹنگ میں MSMEچیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج جموں کشمیر تفصیلی جائزہ لیا۔ یہ کلنک بیماریوں کا تشخیص لگانے کی ایک ڈیجیٹل پہل ہے جس کے تحت یو ٹی بھر مینصحت کے سیکٹرمیں انتہائی چھوٹی ، چھوٹی اور متوسط درجے کی اکائیوں کو تازہ دم اور مضبوط کیاجا سکتا ہے ۔

نے جموں کشمیر میں 13ہزار سے زائد JKMHC اس موقعے پر جانکاری دی گئی کہ ابھی تک کا جائزہ لیا ہے ۔ اس موقعے پر چیف سیکریٹری نے اس شعبے میں تبادلہ خیال اورMSMEs کی بنیاد والی مداخلت بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا-AI

شیخ اعجاز

محکمہ ہائر ایجوکیشن نے جموں کشمیر کے تمام کالجوں میں تعلیمی سال 2026-27 کے لئے چار پروگراموں کے داخلے کا اعلان کیا ہے ۔ PG سالہ انڈر گریجویٹ پروگرام اور پانچ سالہ انٹگریٹڈ اس سلسلے میں ڈائریکٹر کالجز جموں کشمیر ڈاکٹر شیخ اعجاز بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

------Dr. Aijaz------

کھٹانہ

لیڈر اور ممبر پارلیمنٹ انجینئر غلام علی کھٹانہ نے مینڈھر پونچھ کے دو روزہ دورے BJP سینئر کے دوران لوگوں کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ اُن کے ہمراہ مختلف محکموں

کے اعلیٰ افسران بھی تھے ۔ انہوں نے لوگوں کو یقین دلایا کہ اجا گر کئے گئے تمام مسائل وترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

پاسپورٹ

ریجنل پاسپورٹ دفتر سرینگر ، جموں و کشمیر اور لداخ کے پاسپورٹ حاصل کرنے والوں کوہر طرح کی سہولیات بہم رکھتا ہے تاکہ انہیں پاسپورٹ حاصل کرنے میں کسی قسم کی دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے ۔

پچھلے برس کے دوران اس دفتر کو قریب ایک لاکھ درخواستیں موصول ہوئیں اور اس دوران 95ہزار پاسپورٹ جاری بھی کئے گئے ۔اس حوالے سے ریجنل پاسپورٹ آفیسر سرینگر
BS
راو

---

ت نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔ئ

...........BS Rawat.......

ریل

اب ریل سروس سے متعلق یہ خبر

----

سرینگر اور جموں کے درمیان وندے بھارت ایکسپریس ریل سروس کامیابی کے ساتھ جاری ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ اس سروس کے ذریعے سرینگر اور جموں کے درمیان سفر محض چار گھنٹے 45 منٹ میں بغیر طعام کے730 روپے کے یکطرفہ کرایے پر طے ہو تا ہے ۔ عام لوگ اس سروس پر اطمینان کا اظہار کر رہے ہیں ۔

پیش ہے ریل خدمات سے متعلق ریلویز کا پیغام۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیرمیں اگلے 24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 20 اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت10 اعشاریہ2ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30اعشاریہ4ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 38منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر18منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔